مساجد و مدارس میں یکساں مفید

اقرأ
قرآنی قاعدہ

مؤلف
قاری عبد الرحمن حفظہ اللہ
مہتمم: جامعہ رحمانیہ ناصر روڈ، سیالکوٹ

نظر ثانی
استاذ القراء الشیخ القاری
محمد ادریس العاصم رحمہ اللہ
فاضل مدینہ یونیورسٹی

maktabahquddusia.com

مکتبہ قدوسیہ

CamScanner

جدید ایڈیشن

سکول، مدارس، مساجد میں یکساں مفید

اِقرأ قاعدہ

بمع قواعد تجوید، نماز، اذکار، نمازِ جنازہ، تلفظ و ترجمہ

maktabaquddusia.com

مؤلف
خادم القرآن
قاری عبدالرحمٰن حفظہ اللہ
جامعہ رحمانیہ، سیالکوٹ

نظرثانی
استاذ القراء الشیخ القاری
محمد ادریس العاصم رحمہ اللہ
فاضل مدینہ یونیورسٹی

مکتبہ قدوسیہ

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
1	عرضِ مؤلف	4
2	مخارج الحروف	5
3	مفرد حروف بالترتیب	9
4	حروف کی بدلتی ہوئی شکلیں	10
5	حروف مرکبات	11
6	حرکات کا بیان	13
7	تنوین	15
8	جزم یا سکون	17
9	حروفِ مَدّہ	19
10	حروفِ لین	21
11	کھڑا زبر، کھڑی زیر، اُلٹا پیش	23
12	تشدید	25
13	وقف کا بیان	27
14	نون ساکن وتنوین کے قواعد اظہار	29
15	اِدغام	31
16	اِقلاب	33
17	اِخفاء	35
18	میم ساکن کے قواعد (اِدغام، اخفاء، اظہار)	37
19	نونِ قُطنی	40
20	لام کا بیان	42
21	حروفِ قمری اور حروفِ شمسی کا بیان	43
22	مَدّات	44
23	حروفِ مقطعات	46
24	پڑھنے اور لکھنے کی صورتیں	47
25	الف وقف اور وصل کی صورت میں	49
26	کلمات کو بڑی احتیاط سے پڑھنا	50
27	رُموزِ اوقاف	52
28		
29		
30		
31		
32		
33		
34		
35		
36		

maktabanuddusia.com

CamScanner

مخارِجُ الحُرُوف

مخارِج، مَخْرَج کی جمع ہے جس کا مفہوم "نکلنے کی جگہ" ہے۔ یہاں اس سے مراد وہ جگہیں ہیں جن سے حروف ادا ہوتے ہیں۔ کل مخارِج 17 ہیں۔

چند انتہائی ضروری اصطلاحات بیان کی جاتی ہیں جن سے مخارِج سمجھنے آسان ہو جائیں گے۔

چند بنیادی اصطلاحات:

انسان کے منہ میں بتیس دانت ہوتے ہیں جن میں سے بارہ دانت اور بیس داڑھیں ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

① ۔ثنایا: سامنے والے اوپر نیچے کے چار دانت۔

ا۔ثنایا علیا: سامنے اوپر والے دو دانت۔ ۲۔ثنایا سُفلیٰ: سامنے نیچے والے دو دانت۔

② ۔رَباعی: ثنایا کے دائیں بائیں اوپر نیچے چار دانت۔

③ ۔اَنیاب: رَباعی کے دائیں بائیں اوپر نیچے نوک دار چار دانت۔

④ ۔ضَواحِک: انیاب کے دائیں بائیں اوپر نیچے چار داڑھیں۔

⑤ ۔طَواحِن: ضَواحِک کے دائیں بائیں اوپر نیچے بارہ داڑھیں یعنی ہر جانب تین تین داڑھیں۔

⑥ ۔نَواجِذ: طَواحِن کے دائیں بائیں اوپر نیچے آخری چار داڑھیں۔

⑦ ۔اَضراس: تمام داڑھوں کا مجموعہ جس کی واحد ضرس ہے۔



⑧ ۔جوفِ دہن: منہ کے اندر کا خلا۔

⑨ ۔اَقصیٰ حلق: حلق کا منہ سے دور اور سینے کے قریب والا حصہ۔

⑩ ۔اَدنیٰ حلق: کوے کے پاس منہ کے قریب والا حلق کا حصہ۔

⑪ ۔وَسطِ حلق: اَقصیٰ اور ادنیٰ حلق کے درمیان والا حصہ۔

⑫ ۔لَہات: گلے کا کوا۔

⑬ ۔حافہ: زبان کی دائیں یا بائیں جانب والی کروٹ۔

⑭ ۔اَدنیٰ حافہ: زبان کا وہ حصہ جو "ضَواحِک" کو لگے۔

⑮ ۔خیشوم: (بانسا) ناک کی ہڈی۔



8۔ ض: زبان کا حافہ (کروٹ) جب دائیں یا بائیں جانب اوپر والی پانچ داڑھوں سے ملے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔ (بائیں جانب سے قدرے آسان ہے)





9۔ ل: زبان کا کنارہ جب ثنایا، رَباعی، اَنیاب اور ضَواحک کے دائیں یا بائیں جانب مسوڑھوں کو لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔ (دائیں جانب سے قدرے آسان ہے)



maktabaqudduesia.com







10۔ ن: جب زبان کا کنارہ ثنایا، رَباعی اور انیاب سے لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔

11۔ ر: زبان کی پشت اور اس کا کنارہ جب ثنایا اور رَباعی کے مسوڑھوں سے لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔

12۔ ط، د، ت: زبان کی نوک جب ثنایا عُلیا کی جڑ سے لگے تو یہ حروف ادا ہوتے ہیں۔

CamScanner